37055 ـ احرام باندھ کر کچھ مدت بعد شرط لگانی صحیح نہیں

سوال

میں احرام باندھتے وقت شرط کی دعا پڑھنا بھول گیا (إن حبسني حابس فمحلي حيث حبستني) اگرمجھے کسی روکنے والے نے روک دیا تومیرے حلال ہونےکی وہی جگہ ہے جہاں تومجھے روک دے ، لیکن جب مکہ میں داخل ہونے لگے تومجھے یا دعا یاد آئي اورمیں نے اس وقت پڑھ لی توکیا یہ شرط صحیح ہوگي ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

یہ صحیح نہیں اس لیے کہ شرط تواحرام باندھتے وقت ہوتی ہے نہ کہ اس کے بعد ۔

شیخ بن بازرحمہ اللہ تعالی سے احرام باندھ کرکچھ مدت بعدمیں شرط لگانے کے بارہ میں پوچھا گیا توان کا جواب تھا :

وہ ایسا نہیں کرسکتا ، بلکہ یہ تواحرام باندھتے وقت کہا جاتا ہے ، اوراحرام باندھنے سے مراد یہ ہے کہ وہ اپنے دل سے جب احرام میں داخل ہونے کی نیت کرے (اس وقت شرط لگانی چاہیے) اھ دیکھیں : فتاوی ابن بازرحمہ اللہ تعالی (17/ 73) ۔

واللہ اعلم .